© rasailojaraid.com



سمیع الحق

# تعارف و تبصرۂ کتب

نقوشِ اقبال | مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، ناشر مجلس نشریات اسلام ۱۔ کے۔ ۳۔ ناظم آباد نمبر ۱ کراچی نمبر ۱۸ صفحات ۲۹۴ قیمت بارہ روپے۔

فاضل مصنف نے عالم عرب کو ڈاکٹر اقبال سے متعارف کرانے کیلئے۔ روائع اقبال کے نام سے کتاب لکھی جو انہی کی نگرانی میں مولوی شمس تبریز خان ندوی نے اسے نقوشِ اقبال کے نام سے اردو سانچہ میں ڈھالا۔ پیشِ نظر دوسرے ایڈیشن پر خود مصنف نے نظر ثانی کی اور ایک دو مقالات کا بھی اضافہ کیا۔

اقبال پر لکھنے کا سب سے زیادہ حق مصنّف ہی کو تھا، کہ وہ اقبال کے مردِ مومن کی صحیح تصویر ہیں۔ ایک اسلام کے مفکرِ جلیل ہیں تو دوسرے اس کے داعیٔ کبیر، مغربی تہذیب پر دونوں کی نگاہ نہایت گہری دونوں کا دل اسلام کی عظمت سے معمور اور سینہ اسلام کے درد سے موجزن۔ اس لئے ملّت کے غمگسار اقبال کی تشریح و ترجمانی کا حق بھی خلیفہ عبدالحکیم جیسے قلب و نظر سے عاری افراد کو نہیں عالمِ اسلام کے اُس داعی کبیر کو پہنچتا تھا جسے دنیا ابوالحسن علی کے نام سے جانتی ہے۔ لوگوں نے اقبال کے مقام دعوت و روحانیت کو بہت کم ہی متعارف کرایا تھا۔ اب اس کتاب کے ذریعہ فاضل مصنف نے حق تو یہ ہے کہ حق ادا کر دیا۔ ہم پاکستان میں اتنے اعلیٰ پیرایہ میں اس کتاب کی اشاعت پر مجلس نشریات اسلام کو مبارکباد دیتے ہیں۔

تحفۂ سعدیہ | مؤلف مولانا محبوب الٰہی و مولانا نذیر احمد عرشی مرحوم ناشر ادارۂ سعدیہ مجددیہ لاہور، صفحات ۴۴۴۔ قیمت پندرہ روپے۔

موسیٰ زئی اور خانقاہ سراجیہ کندیاں کو تصوّف اور سلاسل سے وابستہ افراد کے دلوں میں یہاں کے جامع شریعت و طریقت مشائخ کی وجہ سے ایک ممتاز مقام حاصل ہے۔ یہ خانقاہیں اس دور مادیت میں بھی بیشمار انسانوں کے تزکیۂ نفس اور تسکین قلب و روح کے شفاخانے ہیں۔ پیش نظر کتاب میں ان ہر دو مراکز کے اکابر مشائخ مولانا دوست محمد قندھاری سے لیکر مولانا خان محمد مدظلہٗ تک



© rasailojaraid.com